# Rampur State Gazette.

رامپور اسٹیٹ گزٹ

بحکم اعلحضرت بندگان حضور پرنور دام اقبالہم و ملکہم

نمبر ۶ مطبوعہ روز شنبہ بتاریخ ۱۱ ذیحجۃ المبارک ۱۳۵۶ھ مطابق ۱۲ فروری ۱۹۳۸ء جلد ۱۰


## حصہ دوم

# احکام اجلاس عالی مرتبت منسٹر صاحبان و سکرٹری صاحبان بہادر




مطبوعہ اسٹیٹ پریس رامپور

# احکام اجلاس عالیجناب صاحب ریونیو منسٹر بہادر

## اضافہ

یکم فروری ۱۹۳۸ء

مثل رپورٹ ڈپٹی ڈائرکٹر صاحب زراعت دربارہ صدور حکم منظوری اضافہ تین تین روپیہ ماہوار بہ تنخواہ سجاد حسین خاں از یکم نومبر ۱۹۳۵ء و سید نایاب علی از یکم دسمبر ۱۹۳۵ء کامداران محکمہ زراعت۔

## حکم

حسب اتفاق رائے جناب صاحب فائنانس سکریٹری بہادر بموجب تحریر ڈپٹی ڈائرکٹر صاحب اگریکلچر مورخہ ۲ جنوری ۱۹۳۸ء سید نایاب علی اور سجاد حسین خاں کامداران کی موجودہ تنخواہ ۲۰ روپیہ ماہوار کی گریڈ میں تین تین روپیہ ماہوار اضافہ کیا جانا منظور ہے۔ اب ان ہر دو کامداران کو ۲۳ روپیہ ماہوار کی گریڈ میں تنخواہ ملیگی۔ سجاد حسین خاں کا اضافہ تین روپیہ یکم نومبر ۱۹۳۵ء سے اور سید نایاب علی کا تین روپیہ ماہوار اضافہ یکم دسمبر ۱۹۳۵ء سے جاری ہوگیا۔ اضافہ کامداران کے شرائط تقرر میں طے ہو چکا ہے اور بجٹ میں انکی تنخواہ ۲۰ روپیہ ماہوار کی گریڈ منظور ہو چکی ہے یہ اضافہ ان کامداران کو چھ ماہ کی مدت گذر جانے پر یکم اگست ۱۹۳۵ء کو عطا ہونا تھا لیکن ایک بے عنوانی کی سزا میں ڈپٹی ڈائرکٹر صاحب زراعت نے سید نایاب علی کا اضافہ چار ماہ کے لئے اور سجاد حسین خاں کا تین ماہ کے لئے ملتوی کر دیا تھا۔ جو بعد انقضائے میعاد مقررہ اب جاری کیا گیا ہے۔

احکام جاری ہوں۔

دستخط عالیجناب صاحب ریونیو منسٹر بہادر۔

## ترقی

۵ فروری ۱۹۳۸ء

منشی جمیل رضا خاں کو تحصیلداری پر ترقی دیگئی ہے اور اس سلسلہ میں ایک نائب تحصیلدار کا انتظام درپیش ہے۔

منشی عبدالماجد خاں سرپرآوردہ ایک معزز خاندان سے ہیں اور انگریزی تعلیم حاصل کر چکے ہیں۔ اس کے علاوہ انکو علاقہ خاص کے کام کا بھی کافی تجربہ ہو چکا ہے۔ ان تمام امور کو پیش نظر رکھکر انکو درجہ سوم کی نائب تحصیلداری پر ترقی دیجاتی ہے۔ یہ ترقی دو سال تک امتحانی (On Probation) متصور ہوگی بعد اس مدت کے ختم پر کام قابل اطمینان ہونے کی صورت میں مستقل کیا جا سکیگا۔

لیکن سید ہاشم حسین اور منشی محمود حسن خاں کیڈٹ نائب تحصیلداران جو اضلاع بریلی و مرادآباد میں ٹرننگ پا رہے ہیں اور جنکا ختم ٹرننگ پر امتحان لیا جائیگا۔ اُن کی کامیابی کی صورت میں بمقابلہ منشی عبدالماجد کے وہ سینیر رہیں گے۔

حکم ہوا کہ

احکام ضابطہ جاری ہوں۔

دستخط عالیجناب صاحب ریونیو منسٹر بہادر۔

# احکام اجلاس عالیمرتبت صاحب منسٹر بہا پبلک ورکس

| تقصیح | حکم |
|---|---|
| ۹ فروری ۱۹۳۳ء<br>مثنہ رپورٹ مہلسہ عدد مصدقہ ڈپٹی سکریٹری صاحب محکمہ عالیہ صدر بابت تقصیح فارم منتقلی رقوم منظورشدہ اسٹیٹ کونسل بحکم یکم فروری ۱۹۳۳ء مطبوعہ گزٹ ۵ فروری ۱۹۳۳ء کے جلد نمبر ۵ | بواپسی مقصد بعید دیا جائے کہ آیندہ گزٹ میں فارم منتقلی کی تصحیح کرادیجائے<br><br>دستخط عالی مرتبت صاحب منسٹر بہا پبلک ورکس |

| | | |
|---|---|---|
| [illegible] | ۵ | |
| [illegible] | ۷ | |
| [illegible] | ۲ | |
| [illegible] | ۸ | |
| [illegible] | ۵ | |
| [illegible] | ۲ | |
| [illegible] | ۷ | |
| [illegible] | ۲ | |
| [illegible] | ۱ | |

درخواست منتقلی مبلغ . . . . . . . . . . . . درصیغہ . . . . . . . برائے سال . . . . . بجائے منظورہ

بخدمت جناب صاحب فائنانس سکریٹری بہادر (آڈٹ) مرسل ہو۔

دستخط افسر صیغہ

درخواست کی خانہ پری صحیح ہے۔ نیز رقم برائے منتقلی مناسب ہے برائے کارروائی منظوری بخدمت صاحب فائنانس سکریٹری بہادر مرسل ہو۔

دستخط سپرنٹنڈنٹ آڈٹ      بجٹ اکاؤنٹ

منتقلی رقم کی حسب صراحت مندرجہ فارم منظوری دیجاتی ہے۔ سررشتہ صدر سے احکام ضابطہ جاری ہوں۔

دستخط عالی مرتبت صاحب فائنانس منسٹر بہادر

نوٹ:۔ جب تک اس فارم پر منتقلی کے لئے تحریر نہیں کیا جائے گا۔ فائنانس ڈیپارٹمنٹ غور نہیں کرے گا۔

## مستقلی

۲۲؍ جنوری سنہ ۱۹۳۸ء
۱۰؍ فروری

بابو رام گوپال کلرک بجلی گھر مشاہرہ ۲۰؍ بیس روپیہ ماہوار کا انتقال ۱۱؍ اکتوبر سنہ ۱۹۳۷ء کو ہو جانے کی وجہ سے مسمی شیام موہن لال باشندہ رامپور کا انتخاب ہو کر بعد تصدیق چال چلن وغیرہ محکمہ پولیس و سروس سلیکشن بورڈ ۱۹؍ اکتوبر سنہ ۱۹۳۷ء سے امتحاناً تین ماہ کے لئے بمشاہرہ پندرہ روپیہ ماہوار ابتدائی گریڈ پر تقرر منظور ہوا تھا۔ بموجب رپورٹ انجنیئر صاحب قوت برقی نامبردہ نے کام قابل اطمینان انجام دیا۔ اور مستقلی کے لئے محکمہ نے استدعا کی ہے۔ لہذا مسمی شیام موہن لال کلرک کو موجودہ تنخواہ مبلغ پندرہ روپیہ ماہوار پر تاریخ ختم مدت امتحانی سے مستقل کیا جاتا ہے۔ سررشتہ صدر سے احکام ضابطہ جاری ہوں۔ ایک نقل درج گزٹ ہو۔

دستخط عالی مرتبت صاحب منسٹر بہادر پبلک ورکس

## تقرر

۲۲؍ جنوری سنہ ۱۹۳۸ء
۱۰؍ فروری

معروضہ یادداشت انجنیئر صاحب واٹر ورکس بابت منظوری تقرر عارضی منشی عبدالحی تخفیف شدہ بعہدہ ڈپسیر بمشاہرہ پچیس روپیہ از یوم کارکردگی ۱۶؍ جنوری سنہ ۱۹۳۸ء تا ۳۰؍ اپریل سنہ ۱۹۳۸ء بسلسلہ منظوری تخمینہ تعدادی اٹھاسی روپیہ تحت ڈرینج اسکیم

## حکم

حسب صراحت رپورٹ منشی عبدالحی تخفیف شدہ محکمہ تعمیرات کا عارضی تقرر بعہدہ ڈپسیر بمشاہرہ پچیس روپیہ ماہوار من ابتدائے ۱۶؍ جنوری سنہ ۱۹۳۸ء لغایت ۳۰؍ اپریل سنہ ۱۹۳۸ء منظور ہے تنخواہ بسلسلہ ڈرینج اسکیم تخمینہ منظور شدہ تعدادی مبلغ اٹھاسی روپیہ سے ادا ہوگی۔ سررشتہ صدر سے احکام ضابطہ جاری ہوں ایک نقل درج گزٹ ہو

دستخط عالی مرتبت صاحب منسٹر بہادر پبلک ورکس

# احکام اجلاس عالیہ حضرت صاحب ہوم منسٹر بہادر

رخصت

۵ فروری ۱۹۳۸ء

معروضہ محرر صاحب چیف میڈیکل آفیسر بہادر دربارہ منظوری رخصت رعایتی آٹھ یوم مطلوبہ ڈاکٹر ایشور سرن صاحب سب اسسٹنٹ سرجن متعینہ شفاخانہ صدر از یوم استفادہ بدیں صراحت کہ زمانہ رخصت میں کام کا انتظام کر دیا گیا ہے۔ مع تحریر صیغہ فائنانس متعلق تصدیق استحقاق رخصت مذکورہ۔

حکم

حسب سفارش ڈاکٹر ایشور سرن صاحب کی رخصت رعایتی آٹھ یوم تاریخ استفادہ سے منظور کیجاتی ہے۔ سررشتہ صدر سے احکام ضابطہ جاری ہوں۔

دستخط عالیہ حضرت صاحب ہوم منسٹر بہادر۔

## رخصت و تبادلہ

۱۰ فروری ۱۹۳۸ء

منشی عبد الباسط محرر رجسٹری ملک نے درخواست رخصت رعایتی دو ماہ یوم استفادہ سے منظوری کے لئے پیش کی ناہبردہ کو رخصت رعایتی کا حق حاصل ہے لیکن محکمہ رجسٹری میں اہلکار زائد ہونے کی وجہ سے زمانہ رخصت میں ہیڈ اپرنٹس دس روپیہ ماہوار پر رکھے جانے کی منظوری کی کارروائی ہونا ضروری تھا جس کے احکام کونسل سے جاری ہوگئے۔ لہذا دو ماہ کی رخصت رعایتی تاریخ استفادہ سے منظور ہے اور زمانہ رخصت میں مسمی محفوظ الباری جنکی سفارش دربارہ ہوشیار اپرنٹس ہونے کی رجسٹرار صاحب نے کی ہے رخصتی کا کام انجام دیگا۔ دس روپیہ ماہوار کی عارضی آسامی منظور شدہ پر بطور ہیڈ اپرنٹس ناہبردہ کا تقرر کیا جاتا ہے۔ سید شرافت علی محرر رجسٹری سوار نے بیمار رہنے کی وجہ سے تبادلہ کی استدعا کی ہے جس پر رجسٹرار صاحب صدر نے سب رجسٹرار صاحب کی سفارش اور عرضی گذار کی ناموافقت آب و ہوا کا ذکر کرتے ہوئے تبادلہ ملک کی سفارش کی ہے۔ چونکہ محکمہ مال بھی ان تحصیلات سے بوجہ خرابی آب و ہوا دو تین سال میں اہلکاران کو تبدیل کر دیتا ہے اور سید شرافت علی کو چھ سال سے زائد گذر گئے۔ لہذا ناہبردہ کو محرری رجسٹری ملک پر تبدیل کیا جاتا ہے۔ عبد الباسط سید شرافت علی کو چارج دیکر رخصت پر جائیں۔ اور محفوظ الباری اپرنٹس ان سے سوار کا چارج لیلے اور اگر عبد الباسط جلد رخصت سے استفادہ حاصل کرنا نہیں چاہتے ہوں تو سید شرافت علی سے سوار میں جاکر چارج لے لیں۔ رجسٹرار صاحب صدر دو ماہ بعد سید شرافت علی کے کام کے متعلق رپورٹ سب رجسٹرار صاحب ملک سے طلب کریں تاکہ معلوم ہو کہ محرر مبدلہ نے کام باسلوب انجام دیا یا نہیں۔

سررشتہ صدر سے احکام ضابطہ حسب صراحت بالا جاری ہوں۔ ایک نقل درج گزٹ ہو۔

دستخط عالیہ حضرت صاحب ہوم منسٹر بہادر۔

## موقوفی مختار عام

عالیہ حضرت منسٹر صاحب بہادر کی گمشدہ مثل مع حکم برائے اشاعت گزٹ مشتہری

مرسلہ ۳۰ جنوری ۱۹۳۸ء — دستخط عالیہ حضرت صاحب ہوم منسٹر بہادر۔

درخواست منسلکہ مسماۃ روپہری بنت گلزاری لال ساکن رامپور محلہ گنج قدیم بابت موقوفی اپنے مختار عام بیجن ولد رام سروپ قوم برہمن ساکن رامپور محلہ گنج قدیم بعد تصدیق دستخط اشاعت گزٹ پیش کی جو باخذ فیس ضابطہ تصدیق کر لی گئی بغرض صدور حکم اشاعت گزٹ مع مبلغ عہ اجرت اشاعت باجلاس عالیہ حضرت جناب صاحب ہوم منسٹر بہادر پیش ہو۔ ۵ فروری ۱۹۳۸ء

دستخط رجسٹرار صاحب صدر۔

# حکم اجلاس عالیمرتبت صاحب انسپکٹر جنرل بہادر پولیس

## ترقی

۸ر فروری ۱۹۳۸ء

سید اشفاق علی صاحب سب انسپکٹر گریڈ اول کو تاریخ امروز سے بعہدہ انسپکٹر سول پولیس بطور عارضی و امتحاناً ترقی دیجاتی ہے۔ اور انسپکٹر حلقہ دیہات مقرر کیا جاتا ہے۔

حکم ہوا کہ

احکام ضابطہ جاری ہوں۔ درج آرڈر بک خاص ہووے ایک نقل درج گزٹ ہو۔

دستخط عالیمرتبت صاحب انسپکٹر جنرل بہادر پولیس

# فہرست مقدمات عدالت العالیہ ہائی کورٹ ریاست رامپور واقعہ ۱۰ فروری ۱۹۳۶ء

فہرست مقدمات جن کی پیشی من ابتداء ۴ فروری لغایت ۱۰ فروری ۱۹۳۶ء عدالت ہائی کورٹ ہوئی بغرض اشاعت گزٹ مطبع سرکاری کو مرسلہ
دستخط عالیمرتبت صاحب چیف جسٹس بہادر

| تاریخ | دن | نام اجلاس | نام فریقین | نوعیت مقدمہ | حکم |
|---|---|---|---|---|---|
| ۴ فروری | جمعہ | تعطیل جمعہ | | | |
| ۵ فروری | شنبہ | 〃 بسنت پنچمی | | | |
| ۶/۲ | یکشنبہ | عالیمرتبت صاحب چیف جسٹس بہادر و عالیمرتبت مسٹر جسٹس چودھری اشرف الزماں صاحب بہادر | ارشاد علی وغیرہ بنام سرکار رہا | اپیل فوجداری بجرم دفعہ ۳۰۲ ت نسبت سزا حبس دوام | آج نصف بحث وکیل ملزم سماعت ہوئی بقیہ بحث کیلئے ۸ فروری مقرر ہو۔ |
| 〃 | 〃 | 〃 | محمد حسین خاں بنام شوکت مانی بیگم | اپیل متفرق دیوانی نسبت نامنظوری درخواست اجراء | مسل اجراء نہیں آئی ہے لہذا مقدمہ ملتوی ہو کر ۲۴ فروری کو پیش ہو۔ |
| 〃 | 〃 | 〃 مسٹر جسٹس چودھری اشرف الزماں صاحب بہادر | سرکار بہادر بنام پنچھی سنگھ | ابتدائی سیشن بجرم دفعہ ۳۷۶/۵۱۱ ت | آج چار گواہان ثبوت کے بیانات قلمبند ہوئے بقیہ ثبوت با اجلاس آئندہ پیش ہو |
| 〃 | 〃 | 〃 مسٹر جسٹس رگھنندن کشور صاحب بہادر | مستقیم علی وغیرہ 〃 | 〃 〃 〃 ۳۰۴ ت | آج بوجہ مصروفیت دیگر مقدمات تجویز مرتب نہیں ہوئی لہذا مقدمہ ۱۳ فروری کو پیش ہو |
| 〃 | 〃 | 〃 | دگمبر دیال بنام موہن لال | اپیل مال بدعوی ایکزیکیوشن زر لگان | بعد سماعت بحث زیر تجویز |
| 〃 | 〃 | 〃 | 〃 | 〃 〃 〃 | 〃 |
| 〃 | 〃 | 〃 صاحب چیف جسٹس بہادر | حنیف خاں بنام رحمت علی خاں وغیرہ | نگرانی دیوانی نسبت واگذاشت مکان | نگرانی نامنظور ہو کر تجویز و حکم عدالت ماتحت منسوخ ہو۔ |
| ۷ فروری | دوشنبہ | 〃 | شوکت علی خاں بنام سرکار رہا | 〃 فوجداری بجرم دفعہ ۴۱۱ ت | بعد سماعت بحث زیر تجویز |
| 〃 | 〃 | عالیمرتبت مسٹر جسٹس رگھنندن کشور صاحب بہادر | لطیف احمد بنام وراثت علی وغیرہ | اپیل دوم دیوانی بدعوی مبلغ زر ماہانہ از جائداد موقوفہ | آج عالی مرتبت مسٹر جسٹس رگھنندن کشور صاحب بہادر رخصت پر ہیں لہذا مقدمہ ملتوی ہو کر ۲ مارچ کو پیش ہو |
| 〃 | 〃 | 〃 مسٹر جسٹس چودھری اشرف الزماں صاحب بہادر | سرکار بہادر بنام پنچھی سنگھ | ابتدائی سیشن بجرم دفعہ ۳۷۶/۵۱۱ ت | آج سب انسپکٹر تفتیش کنندہ کا بیان قلمبند ہوا چونکہ گواہ ثبوت طلب ہو۔ ملزم اپنی صفائی میں پیش کرے مقدمہ ۹ فروری کو پیش ہو |
| 〃 | 〃 | 〃 مسٹر جسٹس رگھنندن کشور صاحب بہادر | خورشید حسن خاں بنام عظمت علی خاں وغیرہ | اپیل دیوانی بدعوی خلیائی مکان | آج عالیمرتبت مسٹر جسٹس رگھنندن کشور صاحب بہادر رخصت پر ہیں مقدمہ با اجلاس آئندہ پیش ہو |
| 〃 | 〃 | 〃 | محمد حنیف خاں بنام چاند بیگم | 〃 〃 دخل اراضی | 〃 |
| 〃 | 〃 | 〃 〃 چودھری اشرف الزماں صاحب بہادر | ثمایا تری بیگم بنام منشی احمد علی خاں | ابتدائی 〃 استقرار حق جائداد و تنسیخ بیعنامہ | دعوی مدعیہ ڈسمس ہو خرچہ فریقین ذمہ فریقین رہے |
| ۸ فروری | سہ شنبہ | 〃 صاحب چیف جسٹس بہادر | بدری پرشاد بنام سرکار رہا | نگرانی فوجداری بجرم دفعہ ۲۰۳ ت | آج مقدمہ اپیل فوجداری جرم دفعہ ۳۰۲ ت کی بحث سماعت ہوئی اسلئے نوبت پیشی مقدمہ ہذا کی نہیں آئی ہے لہذا مقدمہ ملتوی ہو کر ۱۰ فروری کو پیش ہو |
| 〃 | 〃 | 〃 | نعمت وغیرہ بنام شیو نرائن | 〃 خفیفہ بدعوی مبلغ زر قرضہ | نگرانی ہذا بوجہ نہ داخل کرنے رقم بوجہ عدم پیروی و عدم حاضری ساقط خارج ہو |
| 〃 | 〃 | 〃 مسٹر جسٹس رگھنندن کشور صاحب بہادر و عالیمرتبت مسٹر جسٹس چودھری اشرف الزماں صاحب بہادر | ذوالفقار علی خاں بنام عبدالمجید خاں | اپیل دوم دیوانی بدعوی مبلغ زر امانت | آج بوجہ شرکت بنچ مقدمہ کی سماعت نہ ہو سکی لہذا مقدمہ با اجلاس آئندہ پیش ہو۔ |
| 〃 | 〃 | 〃 مسٹر جسٹس چودھری اشرف الزماں صاحب بہادر | عبدالصمد بنام حلیم اسد وغیرہ | اپیل دیوانی بدعوی اجارہ | حضرت نور ریاض الدین پر تعمیل سمن نہیں ہوئی ہے وکیل اپیلانٹ صحیح پتہ سے سمن جاری کرائیں مقدمہ ۲۰ مارچ کو پیش ہو |
| 〃 | 〃 | 〃 مسٹر جسٹس رگھنندن کشور صاحب بہادر | حنیف خاں بنام شاہجہانی بیگم | 〃 〃 تقرر دخل مکان | بعد سماعت بحث زیر تجویز |
| 〃 | 〃 | 〃 | خورشید حسن خاں بنام عظمت علی خاں | 〃 〃 دخلیابی | آج دیگر مقدمہ کی سماعت سے فرصت نہیں ملی مقدمہ با اجلاس آئندہ پیش ہو۔ |
| 〃 | 〃 | 〃 | سرداری بیگم بنام گنگا سہائے | درخواست واپسی رقم | زیر پیشی |
| 〃 | 〃 | 〃 | دگمبر دیال اپیلانٹ بنام موہن لال | اپیل مال بدعوی ایکزیکیوشن زر بقایا لگان | اپیل منظور ہوا اور تجویز عدالت ماتحت منسوخ ہو کر دعوی مدعی تعدادی مبلغ ۔/۱۰ ڈگری ہو۔ |
| 〃 | 〃 | 〃 | دگمبر دیال بنام موہن لال | اپیل مال نسبت اخراج درخواست اجراء ڈگری ۔/۱۰ | اپیل منظور ہو تجویز عدالت ماتحت منسوخ ہو کارروائی اجراء ڈگری جاری ہو۔ |

| | | | | |
|---|---|---|---|---|
| // | عدالت جناب مسٹر جسٹس چودھری شرف الزمان صاحب بہادر | سرکار بہادر بنام نور الدین وغیرہ | ابتدائی سیشن بجرم دفعہ ۳۰۲ تہ | آج بوجہ شرکت بنچ فرصت نہ ملی وقت ختم ہوگیا لہذا مقدمہ باجلاس ۱۱ فروری بغرض بحث پیش ہو |
| // | اجلاس چیف جسٹس بہادر | جمیل احمد خاں بنام [illegible] خاں | درخواست انتقال مقدمہ از عدالت جناب جج [illegible] بجرم دفعہ [illegible] | درخواست انتقال مقدمہ سائل حسب استدعائے سائل خارج ہو |
| // | عدالت جناب مسٹر جسٹس چودھری شرف الزمان صاحب بہادر | پیارے شاہ علی وغیرہ بنام سرکار بہادر | اپیل فوجداری بجرم دفعہ ۳۰۲ تہ | آج بحث وکیل اپیلانٹ اور کچھ بحث وکیل سرکار کی سماعت ہوئی وقت اجلاس ختم ہوگیا لہذا مقدمہ باجلاس آئندہ پیش ہو۔ |
| // | // // // | // | // | بعد سماعت بحث زیر تجویز |
| // | جناب چیف جسٹس بہادر | منی لال بنام لطافت علی خاں | نگرانی // // دفعہ ۴۰۶ تہ | آج منی لال سائل نے درخواست طلبی رپورٹ [illegible] کاتب پیش کی ہے یہ درخواست بعدالت [illegible] ۲۲ مارچ کو پیش ہو |
| // | مسٹر جسٹس چودھری شرف الزمان صاحب بہادر | چھوٹا اپیلانٹ بنام [illegible] احمد | اپیل دیوانی نسبت انہدام دیوار و تخلیہ آراضی | آج بوجہ شرکت بنچ فرصت نہ ہوئی وقت اجلاس ختم ہوگیا لہذا مقدمہ باجلاس ۲۳ فروری پیش ہو |
| // | // | محمد احمد بنام چھوٹے وغیرہ | // // // // | // |
| // | // | جمن بنام محمد احمد | // // بدعوی تخلیہ آراضی | // |
| // | مسٹر جسٹس گنگا نرائن کشور صاحب بہادر | شیاما پیلا دتی بنام ساہو [illegible] | ابتدائی دیوانی بدعوی استقرار حق جائداد بی بی [illegible] | مدعیان کو اجازت واپسی دعوی اور اجازت ازجانب نالش آئندہ دی جاتی ہے خرچہ مدعا علیہ بذمہ مدعیان عاید ہوگا۔ |
| // | // | خورشید خاں بنام حشمت علی خاں وغیرہ | اپیل // // دخلیابی مکان | اس مقدمہ میں فریقین کی حاضری کا حکم تھا آج رسپانڈنٹ حاضر نہیں ہے لہذا مقدمہ ملتوی ہوکر ۲۹ مارچ کو پیش ہو |
| // | // | اچھی بیگم بنام شاہجہاں بیگم | درخواست تقرر ریسیور | رپورٹ اہل کمیشن ناکافی ہے لہذا درخواست باجلاس آئندہ پیش ہو |
| // | مسٹر جسٹس گنگا نرائن کشور صاحب بہادر و عالیجناب مسٹر جسٹس چودھری شرف الزمان صاحب بہادر | ذوالفقار خاں بنام عبد المجید خاں وغیرہ | اپیل دیوانی بدعوی [illegible] زرامانت | بوجہ سماعت بحث مقدمہ فوجداری عالیمرتبت مسٹر جسٹس چودھری شرف الزماں صاحب بہادر کو فرصت نہیں ہوئی وقت اجلاس ختم ہوگیا لہذا مقدمہ باجلاس آئندہ پیش ہو |
| // | جناب چیف جسٹس بہادر و مسٹر جسٹس گنگا نرائن کشور صاحب بہادر | نقشبند خاں بنام نند لال وغیرہ | اپیل متفرق دیوانی نسبت نامنظوری منسوخی نیلام جائداد | آج اپیل فوجداری دفعہ ۳۰۲ کی بحث سماعت ہوئی وقت اجلاس ختم ہوگیا لہذا یہ مقدمہ ۱۰ مارچ کو پیش ہو۔ |
| // | // | رضا شوگر کمپنی بنام فیضو وکلن رسپانڈنٹان | اپیل دوم دیوانی بدعوی زر [illegible] | اپیل بقدر [illegible] منظور ہو سوال خرچہ رسپانڈنٹ منظور ہو دعوی مدعی کلیتاً ڈسمس ہوا اور مدعا علیہ رسپانڈنٹ کی درخواست [illegible] منظور ہو۔ |
| // | مسٹر جسٹس گنگا نرائن کشور صاحب بہادر | محمد حنیف خاں بنام ساۃ چاندنی بیگم | اپیل دیوانی بدعوی دخل مکان | اپیل نامنظور ہو تجویز عدالت ماتحت بحال رہے۔ |
| // | مسٹر جسٹس چودھری شرف الزمان صاحب بہادر | سرکار بہادر بنام پنچ سنگھ ملزم | ابتدائی سیشن بجرم دفعہ ۴۵۱ و ۵۱۱/۳۷۲ تہ | آج جگ سنگھ گواہ ثبوت و بیان ملزم قلمبند ہوا بوجہ شرکت بنچ گواہان صفائی کی سماعت کی نوبت نہیں لہذا مقدمہ ملتوی ہوکر ۲۳ فروری کو پیش ہو |
| [illegible] | تعطیل [illegible] جج | | | |

# احکام اجلاس صاحب ریونیو سکریٹری بہادر

## معطلی

۳ر فروری ۱۹۳۸ء

اطلاع ملی ہے کہ شفیق الرحمن خاں ضلعدار بیر احضور تحصیل نے درمیانی آدمیوں کی دکان اس غرض سے کھلوائی ہے کہ کاشتکاران کا گنّا خرید کر فیکٹری کو سپلائی کیا جائے۔ قانون گنّا فیکٹری کی یہ سخت خلاف ورزی ہے اسلئے ضلعدار مذکور کو معطل کیا جاتا ہے۔ شوگر کین انسپکٹر صاحب فوراً تحقیقات کر کے مفصل رپورٹ پیش کریں۔

حکم ہوا کہ

احکام ضابطہ فوراً جاری ہوں۔

دستخط صاحب ریونیو سکریٹری بہادر۔

## برخاستگی

۷ر فروری ۱۹۳۸ء

بسلسلہ دورہ تحصیل سوار آج شب چرن ولد جھدو ساکن ملک نوخریدہ نے ہمارے روبرو شریف اللہ خاں ضلعدار کی شکایت کی اور بیان کیا کہ ضلعدار نے زبردستی میرے بیل بیگار میں پکڑ لئے اور مجھکو مارا۔ شریف اللہ خاں کا بیان قلمبند کیا گیا بیلوں کے بیگار میں لینے سے ضلعدار کو اعتراف ہوا اور اس کے بیان سے ترشح ہوتا ہے کہ وہ کاشتکاران سے سخت برتاؤ کرتا ہے۔

لہٰذا حکم ہوا کہ

شریف اللہ خاں ضلعدار کو برخاست کیا جاتا ہے اور اُمید کیجاتی ہے کہ دیگر ضلعداران اس برخاستگی سے عبرت حاصل کرینگے۔ احکام ضابطہ جاری ہوں اور ریکارڈ ہذا درج گزٹ کیا جائے۔

دستخط صاحب ریونیو سکریٹری بہادر

# حکم اجلاس صاحب فائنینس سکریٹری بہادر

## تقرر

توسل حسین کا تقرر علاء عارضی سروس ریکارڈ میں بمشاہرہ [illegible] لغایتہ آخر مارچ ۱۹۳۸ء بعہدہ اہلمدی ہوا تھا۔ نامبردہ کا تبادلہ آبکاری کو ہو چکا ہے جگہ زیر انتظام ہے لہذا اس جگہ پر اعجاز حسین ولد علی بہادر خاں ساکنہ محلہ شاہ آباد دروازہ کا تقرر بمشاہرہ [illegible] تاختم میعاد مذکور منظور کیا جاتا ہے۔ نامبردہ سالگرہ علاء عارضی میں مقرر بھی ہو چکا ہے۔ سررشتہ صدر سے احکام جاری ہوں [illegible] اور پولیس کو علیحدہ علیحدہ تحریریں بھیجی جائیں۔ ۸ر فروری ۱۹۳۸ء

دستخط صاحب فائنینس سکریٹری بہادر۔

# حکم اجلاس سول جج صاحب

## دیوالیہ

مثل ۹۷ منفصلہ ۱۹ ؍ فروری ۱۹۳۵ء

گھمن خاں ولد احمد نور خاں قوم پٹھان پیشہ تجارت ساکن کوچہ محلہ زیارت شاہ بغدادی صاحب سائل

بنام

شیام بہاری لال عمر ۳۰ سال ولد سوہن لعل ساکن محلہ محل میتی خاں وارشاد علیخاں ولد چمن خاں ساکن محلہ زیارت خرمے والی و بچن خاں ولد نیاز محمد خاں محلہ راجد وارہ و بہادر خاں ولد کریم خاں محلہ اللہ داد صاحب فریق ثانیان۔

درخواست گھمن خاں دیوالیہ منظور ہے سائل کو دین سے قطعاً بری کیا جاتا ہے المرقوم ۱۹ ؍ فروری ۱۹۳۵ء

دستخط سول جج صاحب

# نقشہ نرخنامہ اجناس ریاست رامپور بابتہ ہفتہ دوم ماہ فروری سنہ ۱۹۴۸ء

| نام جنس | حضور تحصیل | شاہ آباد | ملک | بلاسپور | سوار | ٹانڈہ | کیفیت |
|---|---|---|---|---|---|---|---|
| گندم | ۹ار ۱۰ار | | | ۱۰ار | ۱۰ ۹ار | ۱۰ار | |
| نخود خالص | ۱۴ار | | | ۱۵ار | ۱۵ار | ۱۴ار | |
| نخود کٹ آمیز | ۱۴ار ۱۴ار | | | ۱۵ار | ۱۵ار | ۱۵ار | |
| کتہ | ۱۵ار<br>۱۶ار | | | ۱۶ار | ۱۶ار | ۱۶ار | |
| ماش | ۱۰ار ۱۰ار | | | ۹ار | ۱۰ار | ۱۰ار | |
| مونگ | ۶ار ۸ار | | | ۸ار | ۸ار | ۱۰ار | |
| مکا | ۱۵ار ۱۶ار | | | ۱۵ار | ۱۷ار | ۱۶ار | |
| جئی | ۱۸ار | | | ٠ | ٠ | ۲۰ار | |
| گوجئی | ٠ | | | ٠ | ٠ | ۱۶ار | |
| عدس | ۱۵ار ٠ | | | ۱۳ار | ۱۴ار | ۱۴ار | |
| ارہر | ٠ | | | ۹ار | ۱۱ار | ۱۲ار | |
| برنج | ۵ار ۹ار | | | ۸ار | ۸ار | ۸ار | |
| روغن زرد | [illegible] دیسی<br>[illegible]<br>[illegible] ولایتی<br>[illegible] | | | [illegible]<br>[illegible] | [illegible] | [illegible] | |
| روغن سیاہ | ۲ار ۳ار | | | ۲ار | ۲ار | ۲ار | |
| روغن کنجد | ۱ار ۱ار | | | ۱ار | ۳ار | ٠ | |
| نمک سامبھر | ۱۲ار ۱۲ار | | | ۱۱ار | ۱۱ار | ۱۱ار | |
| نمک لاہوری | ۶ار | | | ۸ار | ٠ | ۸ار | |
| قند سیاہ | ۱۳ار | | | ۱۱ار | ۱۲ار | ۱۲ار | |
| باجرہ | ۱۲ار ۱۳ار | | | ۱۲ار | ٠ | ٠ | |

مطبوعہ اسٹیٹ پریس رامپور